محورِ اہلِ ولا ہے عہد و پیمانِ غدیر

مولانا سید غافر رضوی چھولسی

خیمہ افکار میں ساکن ہے مہمانِ غدیر
بن گیا خود طائرِ تفکیر حسانِ غدیر

خوش نصیبی سے ہمیں حاصل ہے عرفانِ غدیر
ہے ہماری زندگی مرہونِ احسانِ غدیر

خامہ مدحت پڑا ہے سرحدِ قرطاس پر
مشربِ عشاق پہ چھایا ہے عنوانِ غدیر

چادرِ اکمال میں چھانی ہوئی مئے کے سبب
ہوگئے مخمورِ جامِ عشق، رندانِ غدیر

دوش پر اتمامِ نعمت کی عبا ڈالے ہوئے
تختِ بلّغ پر قدم رنجہ ہے سلطانِ غدیر

یک بیک گونجی صدا حیّ علیٰ خیر العمل
چند لمحوں میں بنا جنت، بیابانِ غدیر

حضرتِ موسیٰ بھی کوہِ طور سے دیکھا کئے
جب ہوا جلوہ نما منبر سے عمرانِ غدیر

کوئی سلماں، کوئی بوذر، کوئی میثم بن گیا
چہچہائے اس طرح سے عندلیبانِ غدیر

لہلہاتے ہی رہیں گے تا ابد ایسے شجر
ہوگئی جن کو میسر بادِ فیضانِ غدیر

آج بھی سینہ سپر ہیں وہ ستم کے سامنے
جن دلوں پہ خوب جم کے برسی بارانِ غدیر

چیر کر اژدر کو گہوارہ سے یہ سمجھادیا　　اب تمہاری نسل کو پرکھے گی میزانِ غدیر
چادرِ تطہیر کا سایہ ملے گا بس انہیں　　جاگزیں جن کے دلوں میں ہوگا فرمانِ غدیر
آی اکمال کے لب پر یہ نغمہ ہے فلکؔ　　محورِ اہلِ ولا ہے عہد و پیمانِ غدیر